Sanghar Sugar Mills Limited
سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ
HEAD OFFICE: Office # 204, 2nd Floor, Clifton Centre, Block-5, Clifton, Karachi - Pakistan.
Tel: (021) 35371441-3 Fax: (021) 35371444 E-mail: info@sangharsugarmills.com

Ref: SSML/CS/210107-01

January 07, 2021

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Sub: **Notice of Annual General Meeting**

Dear Sir,

Enclosed herewith please find a Notice of Annual General Meeting to be held on Thursday January 28, 2021 at 10:00 a.m. at Registered Office of the Company, situated at Office No. 204, 2nd Floor, Clifton Centre, Block 5, Clifton, Karachi for circulation amongst the TRE Certificate holders of the Exchange.

Yours sincerely,

Muhammad Mubeen Alam
Company Secretary

SANGHAR SUGAR MILLS LTD. *

# Notice of the Annual General Meeting

Notice is hereby given that Thirty Fifth Annual General Meeting (AGM) of the Shareholders of the Company will be held on Thursday January 28, 2021 at 10:00 a.m. at Registered Office of the Company Office No. 204, 2nd Floor, Clifton Centre, Block 5, Clifton, Karachi, to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To confirm the minutes of Extra Ordinary General Meeting of the Company held on October 31, 2020.
2. To receive, consider and adopt the Audited Financial Statements of the Company for the year ended September 30, 2020 together with Directors' and Auditors' Reports thereon.
3. To appoint Auditors for the year 2020-2021 and fix their remuneration. The present Auditors M/s Kreston Hyder Bhimji & Co. Chartered Accountants, retire and being eligible, have offered themselves for re-appointment.
4. To transact any other ordinary business with the permission of the Chair.

By Order of the Board
Muhammad Mubeen Alam
Company Secretary

Karachi: January 07, 2021

**NOTES :**

1. **Corona Virus Contingency Planning:**

In view of the current situation on the spread of COVID-19 and the restriction imposed by the Government on large public gatherings at one place, the Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) has vide Circular No 5 of 2020 having number EMD/MISC/82/2012 dated March 17, 2020, advised the companies to modify their usual planning for Annual & Extra Ordinary General Meetings for the well being of the shareholders and avoid large gathering by provision of video link facilities, webinar or other electronic means or with minimum number of shareholders in person while ensuring compliance with the quorum requirements

**In Person Participation:**

Considering the SECP Circular, the Company intends to convene the AGM with minimum number of shareholders in person while ensuring compliance with the quorum requirements and request the Members to consolidate their attendance and voting at AGM through proxies.

The Company will follow the best practices and comply with the instructions of the Government and SECP to ensure protective measures are in place for the well-being of the Members. Therefore, Members are encouraged to attend the AGM by consolidating their attendance through proxies.

**Online Participation in AGM:**

The Members will also be able to participate in the AGM proceedings after completing all the formalities required for the verification and identification of the Members for online login participation.

For this purpose, Members are requested to get their particulars registered with the Company by sending email on "info@sangharsugarmills.com" mention in the subject that "AGM January 2021" and can also be registered by sending the following details through courier / post at the registered Office of the Company, addressed to Company Secretary. Following details are required:

| Member Name | CNIC No. | Folio / CDS No. | Email ID | Cell No. |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

Video-link and login credentials and time will be shared with only those shareholders / proxies (must submit proxy form) whose details as stated above, received by us not later than 72 hours before the meeting. Incomplete, suspicious and details received after the expiry of time period will not be entertained.

2. **Closure of Share Transfer Books:**

The Share Transfer Books of the Company will remain closed from 22-01-2021 to 28-01-2021 (both days inclusive). Physical Transfers/CDS Transactions IDS received in order, in all respects at the close of the Business on 21-01-2021 at the Company's Share Registrar M/s Hameed Majeed Associates (Pvt) Limited, Karachi Chamber, Hasrat Mohani Road, Karachi will be considered for attending and voting at Annual General Meeting.

3. **Comments / Suggestions for the Agenda Items:**

Members can also participate in the meeting through their comments / suggestions for the agenda items via our WhatsApp number and or through our email (kindly mention subject "AGM January 2021"). Details are given below:

WhatsApp No. +92 300 2742176

Email ID: info@sangharsugarmills.com

It is our responsibility that the comments / suggestions of the Members of the Company will be discussed in the meeting and will become part of the minutes of the meeting.

4. **Postal Balloting:**

Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 for any agenda item subject to the requirements of Sections 143 and 144 of the Companies Act, 2017 Members will be allowed to exercise their right of vote through postal ballot, in accordance with the requirements and procedures contained in the aforesaid Regulations.

5. **Participation in the Annual General Meeting:**

A member entitled to attend and vote at this meeting may appoint another member as proxy to attend and vote on his/her behalf. Forms of Proxy to be valid must be properly filled in/executed and received at the Registered Office of the Company at Office No. 204, 2nd Floor, Clifton Centre, Block-5, Clifton, Karachi, at least 48 hours before the time of this meeting. A Form of Proxy is attached herewith. CDC Account Holders will further have to follow the under mentioned guideline as laid down in circular dated January 26, 2000 issued by SECP.

6. **Submission of copy of CNIC (Mandatory):**

a. The Securities and Exchange Commission of Pakistan (the SECP) vide their S.R.O. 779 (i) 2011 dated August 18, 2011 has directed the Company to print your Computerized National Identity Card (CNIC) number on your dividend warrants and if your CNIC number is not available in our records, your dividend warrant will not be issued/dispatched to you. In order to comply with these regulatory requirements, you are requested to kindly send photocopy of your CNIC to your Participant/Investor Account Services or in case of Physical Shareholding, immediately to Company's Share Registrar.

b. The Company's Shareholders who are holding its Share in Physical Form are hereby informed and notified in their own interest who have not yet provided copy of their valid Computerized National Identity Card (CNIC) mentioning their Folio Numbers are hereby reminded again through this Notice to send urgently valid copy of their CNIC as mentioned above to the Company or its Share Registrar M/s Hameed Majeed Associates (Pvt) Limited, Karachi Chambers, Hasrat Mohani Road, Karachi (Phone No. 021-32424826) in order to comply with the mandatory requirements of Securities and Exchange Commission of Pakistan (the Commission) issued vide SRO 83(1)/2012 dated July 05, 2012 and SRO 19(1) of 2014 dated January 10, 2014.

A List of such Shareholders along with their Folio numbers, Names, Address and No. of the Company's shares held in Physical Form is available on the Company's Website www.sangharsugarmills.com for reference who have not yet submitted the valid copy of their CNIC to the Company.

It is further informed that the Members of the Company were previously requested/reminded through Notices of Annual and Extra Ordinary General Meetings held in previous years which were appeared in their respective Annual Reports of the Company as well as published in the news papers of Karachi and Lahore editions on several dates. They are once again reminded that in case of non-receipt of the copy of their valid CNIC along-with Folio No., the Company would be unable to comply with the mandatory requirement of the Commission as mentioned above.

7. **Attendance at the Meeting:**

A Member holding Physical Shares must bring his/her original Computerized National Identity Card (CNIC) and should mention his/her CNIC and Folio No. and sign on the Attendance Sheet while personally attending this Meeting. Also Member having deposited his/her shares into Central Depository Company of Pakistan Limited must bring his/her Participant's ID No. and Account/Sub-account No. along-with original CNIC and mention his/her CNIC and CDC Account No. and sign on the Attendance Sheet while personally attending this Meeting. Representatives of corporate Members should bring the usual documents required for such purpose as prescribed by the SECP.

8. **Change of Address:**

Members are advised to promptly notify change in their postal address, if any, to the Company's Share Registrar. Members having shares in CDC accounts are required to have their address updated with respective participants.

9. **Video Conference Facility:**

Members can also avail video conference facility. In this regard, please fill the following form and submit to registered address of the Company 10 days before holding of the Meeting.

If the Company receives consent from members in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location, to participate in the meeting through video conference at least 10 days prior to date of meeting, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city.

The Company will intimate Members regarding venue of video conference facility at least 5 days before the date of the Meeting along with complete information necessary to enable them to access such facility.

I/We, ______________________ of ______________________, being a member of Sanghar Sugar Mills Limited, holder of ______________________ (number of shares) ordinary share(s) as per Registered Folio/CDC Account No. ______________________ hereby opt for video conference facility at ______________.

Signature of Member(s)

10. **Unclaimed Dividend:**

Members are advised to immediately write us in detail for any outstanding / unclaimed cash dividend issued to you by the Company in past years. Please give complete details duly signed either to the Share Registrar or the Secretary of the Company.

11. **Dividend Payments through Electronic Mode:**

In accordance with the provisions and under section 242 of the Companies Act, 2017, shareholders are entitled to receive their dividends by way of direct credit to their bank account instead of receiving them through dividend warrants.

Therefore, to receive your future dividends directly in your bank account, please give us complete details and inform us in writing duly signed along with a copy of your CNIC / NTN to the Share Registrar of the Company and in case Shares held in CDC then please inform concerned Participant / CDC investor Account Services. The form is also available on our Company's website and annexed herewith.

**12. Consent to receive Notices and Audited Financial Statements through email:**

In accordance with the SECP notification No. 787(I)/2014 dated September 08, 2014, Members of the Company who wish to receive the Audited Financial Statements and Reports of the Company through email are requested to provide a "Consent Form For E-mail", duly filled and signed in all respects, to the Company Secretary / Share Registrar. The Consent form is available on the Company's website and Form is also annexed herewith.

**13. Consent to receive Hard Copy of Audited Financial Statements:**

In accordance with the SECP notification No. 470(I) dated May 31, 2016 and in continuation of SECP notification No. 787(I)/2014 dated September 08, 2014, Members of the Company who wish to receive the Hard Copies of Audited Financial Statements and Reports of the Company instead of sending the same through CD / DVD / USB / email, are requested to provide a "Standard Request Form", duly filled and signed in all respects, to communicate the need of hard copies, to the Company Secretary / Share Registrar. The Standard Request Form is available on the Company's website and Form is also annexed herewith.

**14. Deposit of Physical Shares in to CDC Account:**

As per Section 72 of the Companies Act, 2017 every existing listed company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the Commission, within a period not exceeding four years from the commencement of this Act, i.e. May 30, 2017.

Therefore, the Shareholders having physical shareholding are encouraged to open CDC sub-account with any of the brokers or investor account directly with CDC to place their physical shares into scrip less form, this will facilitate them in many ways, including save custody and sale of shares, any time they want, as the trading of physical shares is not permitted as per the existing regulations of the authorities.

************************************

For any query and or information, members and others may contact to the Company or our Share Registrar at the following address:

| | |
|---|---|
| **Registered Office of the Company:** | Office No. 204, 2nd Floor, Clifton Centre, Block - 5, Clifton, Karachi.<br>Phone: 021 35371441 to 43 (3 lines) Fax: 021 35371444.<br>Website: www.sangharsugarmills.com.<br>E-mail: info@sangharsugarmills.com |
| **Share Registrar of the Company:** | Hameed Majeed Associates (Pvt) Limited<br>Karachi Chambers, Hasrat Mohani Road, Karachi<br>Phone: 021 32424826, Fax: 021 32424835. |

Sanghar Sugar Mills Limited

# نوٹس برائے سالانہ عام اجلاس

بذریعہ ہذا یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کے حصص داران کا پینتیسواں سالانہ عام اجلاس(AGM) 28 جنوری 2021 بوقت صبح 10:00 بمقام رجسٹرڈ شدہ دفتر، آفس نمبر 204، دوسری منزل، کلفٹن سینٹر، بلاک 5، کراچی منعقد کیا جائے گا۔ اجلاس ہذا میں درج ذیل امور کو زیر بحث لایا جانا مقصود ہیں:

**عمومی امور**

1۔ کمپنی کے غیر معمولی سالانہ عام اجلاس مورخہ 31 اکتوبر 2020 کی کاروائی کی شقوں کی توثیق کرنا۔

2۔ کمپنی کی آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات بابت مالی سال 30 ستمبر 2020 بمعہ ڈائریکٹرز و آڈیٹرز رپورٹ کو وصول کرنا اور اس پر غور وخوض کرنا اور اسے اپنانا۔

3۔ مالی سال 21-2020 کیلئے آڈیٹر کی تعیناتی کرنا اور انکے مشاہرے کا تعین کرنا۔ موجودہ آڈیٹر میسرز کریسٹن حیدر بھیمجی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ریٹائر ہو رہے ہیں اور انہوں نے اپنی اہلیت کی بنیاد پر ایک مرتبہ پھر اپنی خدمات کو پیش کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے۔

4۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر عام نوعیت کے مسئلے پر بحث کرنا۔

بحکم بورڈ
Muhammad Mubeen Alam
محمد مبین عالم
کمپنی سیکرٹری

SANGHAR SUGAR MILLS LTD.

کراچی: 07 جنوری 2021

## نوٹس:

1۔ کورونا (COVID - 19) کی وباء سے پیدا ہونے والی حالیہ صورتحال کے پیش نظر اور حکومت پاکستان کی جانب سے عوامی اجتماعات پر لگائی جانے والی پابندی کے بعد سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے سرکلر نمبر 5 بابت 2020 بحوالہ EMD/MISC/82/2012 مجریہ 17 مارچ 2020 تمام کمپنیوں کو ہدایات دی گئی ہیں کہ اپنے عام سالانہ اجلاسوں اور غیر معمولی عام سالانہ اجلاسوں کے سلسلے میں کئے جانے والے بندوبست میں ترمیم کریں اور اپنے حصص داران کی فلاح و بہبود کو مدنظر رکھتے ہوئے بڑے عوامی اجتماعات سے اجتناب کریں اور عوامی اجتماعات سے گریز کرنے کیلئے ویڈیو لنک، ویبنار کی سہولت فراہم کی جائے یا پھر اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کم از کم حصص داران کی موجودگی میں تمام تر حفاظتی تدابیر کا خیال رکھتے ہوئے اجلاس منعقد کئے جائیں۔

### ذاتی طور پر شرکت کرنا

ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ سرکلر کو مدنظر رکھتے ہوئے، کمپنی اس بات کا ارادہ رکھتی ہے کہ کم از کم حصص داران کو مدعو کر کے کورم کو پورا کیا جائے اور تمام ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ عام سالانہ اجلاس میں پراکسی کے ذریعے اپنی شرکت اور حق رائے دہی استعمال کیے جانے کو ممکن بنائیں۔

کمپنی کی جانب سے بہترین روایات کی پاسداری کی جائے گی اور حکومت پاکستان اور ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کی روشنی میں حفاظتی اقدامات کو ممکن بنایا جائے گا تاکہ حصص داران کی فلاح و بہبود کا مکمل خیال رکھا جا سکے۔ لہذا تمام ممبران کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ اپنے پراکسی کے ذریعے سالانہ عام اجلاس میں اپنی حاضری کو ممکن بنائیں۔

### سالانہ اجلاس عام میں آن لائن شرکت:

ممبران بھی عام سالانہ اجلاس میں شرکت کر سکتے ہیں تاہم انھیں اجلاس میں شرکت کیلئے اپنی شناخت ثابت کرنا اور اس کی توثیق کرنا ہوگی تاکہ انھیں اجلاس میں شرکت کرنے کیلئے لاگ ان یا جا سکے۔

اس مقصد کیلئے، ممبران سے گزارش ہے کہ اپنی تمام تفصیلات کمپنی کے ای میل پتے "info@sangharsugarmills.com" پر بذریعہ ای میل ارسال کر دیں اور ای میل کے عنوان میں "AGM January 2021" تحریر کریں یا پھر یہ معلومات کمپنی سیکرٹری کو کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ پتے پر بذریعہ کوریئر یا ڈاک بھی ارسال کی جا سکتی ہیں۔ مطلوبہ معلومات درج ذیل ہیں:

| ممبر کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو/سی ڈی سی نمبر | ای میل کا پتہ | موبائل فون نمبر |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ویڈیو لنک اور لاگ ان کرنے سے متعلق تفصیلات صرف انہی حصص داران/پراکسی (پراکسی فارم جمع کروانا لازم ہے) کو فراہم کی جائیں گی جن کی جانب سے اجلاس شروع ہونے سے کم از کم 72 گھنٹے قبل مزکورہ معلومات جمع کروادی جائیں گی۔ نامکمل، مشکوک اور آخری تاریخ کے بعد موصول ہونے والی معلومات کو اجلاس کی کاروائی میں شامل نہیں کیا جائے گا۔

### 2۔ حصص منتقلی کھاتوں کی بندش

کمپنی کی حصص منتقلی کے کھاتے برائے سالانہ عام اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کے ضمن میں مؤرخہ 22-01-2021 تا 28-01-2021 (بشمول ایام مزکورہ) بند رہیں گے۔ ایسی تمام دستی منتقلیاں/سی ڈی ایس منتقلیاں اور آئی ڈی ایس جو کہ ہر لحاظ مکمل ہوں اور کاروباری دن کے اختتام مؤرخہ 21-01-2021 تک کمپنی کے حصص رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کراچی چیمبر، حسرت موہانی روڈ، کراچی کو موصول ہو جائیں تو انہیں بروقت تصور کیا جائے گا اور انہیں اجلاس میں شرکت اور حق رائے دہی کیلئے زیر غور لایا جائے گا۔

### 3۔ ایجنڈے کے امور سے متعلق آراء وسفارشات

ممبران اجلاس میں اس طرح بھی شرکت کر سکتے ہیں کہ ہمارے واٹس ایپ نمبر پر یا بذریعہ ای میل ہمارے ای میل پتے پر (بعنوان AGM January 2021) ایجنڈے پر موجود امور سے متعلق اپنی آراء اور مشوروں سے ہمیں آگاہ کریں۔ تفصیلات درج ذیل ہیں:

واٹس ایپ نمبر : +92 300 2742176

ای میل پتہ : info@sangharsugarmills.com

یہ ہماری ذمہ داری ہوگی کہ ممبران کی جانب سے دی جانے والی آراء اور سفارشات پر اجلاس میں زیر بحث لایا جائے اور زیر بحث لانے کے بعد ان آراء اور سفارشات کو اجلاس کی کاروائی کے تحت ضبط تحریر میں بھی لایا جائے گا۔

### 4۔ حق رائے دہی بذریعہ ڈاک

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کی رو سے کسی بھی دیگر امور برائے ایجنڈا زیر تحت سیکشنز 143 اور 144 بابت کمپنیز ایکٹ 2017 کے سلسلے میں ممبران کو اس بات کی اجازت ہوگی وہ بذریعہ ڈاک اپنا حق رائے دہی استعمال کریں، اور اس حق کو استعمال کرنے کیلئے مزکورہ بالا قواعد کی تمام شرائط وضوابط کو پورا کرنا لازمی ہوگا۔

### 5۔ سالانہ عام اجلاس میں شرکت

کوئی ایسا ممبر جو کہ اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کی اہلیت رکھتا ہو اپنی جگہ کسی اور ممبر کو شرکت اور رائے دہی کیلئے بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے اور بطور پراکسی مقرر کئے جانے والے فرد کو اصل ممبر کی طرح اجلاس میں شرکت کرنے، رائے دینے اور ووٹ ڈالنے کا حق حاصل ہوگا۔ پراکسی مقرر کئے جانے والے فارم کے قابل قبول ہونے کیلئے لازم ہے کہ ہر لحاظ سے پر شدہ اور مکمل فارم دستخط اور مہر کے ساتھ بمعہ دو گواہوں، ان کے نام، پتے، قومی شناختی کارڈ نمبر اور دستخطوں کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ پتے آفس نمبر 204، دوسری منزل، کلفٹن سینٹر، بلاک 5، کلفٹن کراچی پر اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جائیں۔ پراکسی فارم کو اعلان ہذا کے ساتھ منسلک کر دیا گیا ہے۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ کے حامل افراد پر لازم ہے کہ سرکلر مؤرخہ 26 جنوری 2000 از ایس ای سی پی میں مزکور ہدایات پر بھی عمل کریں۔

### 6۔ قومی شناختی کارڈ جمع کرانا (لازم)

الف۔ سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے بحوالہ ایس آر او (i) 779 مؤرخہ 18 اگست 2011 کمپنی کو یہ ہدایات دی گئیں ہیں کہ آپکے ڈیویڈنڈ وارنٹس پر آپکے قومی شناختی کارڈ کے نمبر کو بھی درج کیا جائے اور اگر ہمارے ریکارڈ میں آپ کا قومی شناختی کارڈ نمبر موجود نہیں ہے تو مستقبل میں آپکا ڈیویڈنڈ وارنٹ جاری یا ارسال نہیں کیا جا سکے گا۔ ان قواعد پر عمل کرنے کے سلسلے میں آپ سے گزارش کی جاتی ہے کہ برائے مہربانی اپنے قومی شناختی کارڈ کی نقل اپنے شراکتی / سرمایہ کار اکاؤنٹ سروسز کو ارسال کر دیں اور اگر آپ دستی حصص کے حامل ہیں تو فوری طور پر شناختی کارڈ کی نقل کمپنی کے رجسٹرار کے پاس جمع کروا دیں۔

ب۔ کمپنی حصص کے ایسے مالکان جو کہ دستی طور پر حصص کے حامل ہیں کو ان کے بہترین مفاد میں بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر انہوں اب تک اپنا قومی شناختی کارڈ جمع نہیں کروایا ہے تو وہ فوری طور پر اپنے قومی شناختی کارڈ کی نقل بمعہ فولیو نمبر کمپنی کو یا اس کے حصص رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کراچی چیمبر، حسرت موہانی روڈ، کراچی فون نمبر (012-32424826) کو پہنچا دیں تا کہ سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی جانب سے اس لازمی شرط بحوالہ ایس آر او (1) 83 / مؤرخہ 05 جولائی 2012 اور ایس آر او (1) 19 بابت 2014 مؤرخہ 10 جنوری 2014 پر عمل کیا جا سکے۔

ایسے ممبران کی ایک فہرست بمعہ فولیو نمبر، نام، پتہ اور دستی طور پر کمپنی کے کل حصص کی تعداد جو کہ ان کے پاس ہے سمیت کمپنی کی ویب سائٹ www.sangharsugarmills.com پر حوالے کیلئے موجود ہے جنھوں نے اب تک اپنے کارآمد قومی شناختی کارڈ کی نقل کمپنی کو فراہم نہیں کی ہے۔

تمام حصص داران کو ایک مرتبہ پھر بذریعہ ہذا یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ انھیں ماضی میں بھی سالانہ عام اجلاسوں کے نوٹس کے ذریعے، کمپنی کی اشاعت شدہ سالانہ رپورٹوں کے ذریعے اور اخبارات (کراچی اور لاہور) کی اشاعت کے ذریعے یہ کئی مرتبہ یاد دہانی کروائی جاتی رہی ہے کہ اگر انکی جانب سے کارآمد قومی شناختی کارڈ بمعہ فولیو نمبر کمپنی کو فراہم نہیں کئے جاتے تو کمپنی کمیشن کی جانب سے نافذ کی گئی مزکورہ بالا لازمی شرط پر عمل کرنے سے قاصر رہے گی۔ انھیں ایک مرتبہ پھر یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ کارآمد قومی شناختی کارڈ بمعہ فولیو نمبر کی عدم فراہمی کی صورت میں کمپنی اس بات کی پابند ہوگی کہ مزکورہ بالا مطلوبہ قوانین پر عمل کرے۔

## 7۔ اجلاس میں شرکت

دستی حصص کا حامل کوئی ممبر اگر ذاتی طور پر اجلاس میں شرکت کرے تو لازم ہے کہ اپنا اصل کارآمد قومی شناختی کارڈ ہمراہ لے کر آئے اور حاضری کے رجسٹر میں اپنی حاضری بمعہ قومی شناختی کارڈ اور فولیو نمبر درج کرے۔ اس کے علاوہ ایسے ممبران جنھوں نے اپنے حصص سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی میں جمع کروا دیئے ہیں اور وہ اجلاس میں ذاتی طور پر شرکت کرنا چاہتے ہیں کو چاہیئے کہ اپنے اصل قومی شناختی کارڈ کے علاوہ شراکتی شناختی نمبر اور ذیلی اکاؤنٹ نمبر / اکاؤنٹ نمبر بھی ہمراہ لے کر آئیں اور حاضری کی شیٹ پر دستخط کرتے وقت اپنے قومی شناختی کارڈ اور سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر کو ضرور درج کریں۔ کارپویٹ ممبران کے نمائندگان پر لازم ہے کہ اس موقع کی مناسبت سے ایس ای سی پی کی جانب سے لازم قرار دی گئی تمام دستاویزات ہمراہ لے کر آئیں۔

## 8۔ پتے کی تبدیلی

ممبران سے درخواست ہے کہ اگر انکے پتے کسی بھی قسم کوئی تبدیلی واقع ہوئی تو فوری طور پر اس تبدیلی سے کمپنی کے حصص رجسٹرار کو مطلع کریں۔ تاہم ایسے ممبران جن کے حصص سی ڈی سی میں ہیں کو چاہیئے کہ متعلقہ شراکت دار کو ہی پتے کی تبدیلی سے مطلع کریں۔

## 9۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت

ممبران ویڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کر سکتے ہیں، اگر اس سہولت سے فائدہ اٹھانا مقصود ہو تو اجلاس سے کم از کم 10 دن پہلے درج ذیل فارم کو باقاعدہ پر کرنے کے بعد کمپنی رجسٹرڈ شدہ پتے پر جمع کرا دیں۔

اگر کسی بھی جغرافیائی محل وقوع پر رہائش پذیر حصص داران کے اوسطاً 10% ممبران کی جانب سے اجلاس سے کم از کم 10 دن قبل کمپنی کو ویڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے درخواست موصول ہوتی ہے تو کمپنی کی جانب سے ویڈیو کانفرنس کا بندوبست کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ اس علاقے میں بھی یہ سہولت میسر ہو۔

اگر ویڈیو کانفرنس کی سہولت میسر کرنی ہو تو کمپنی کی جانب سے حصص داران کو اجلاس سے کم از کم 5 دن قبل اطلاع فراہم کردی جائے گی اور انھیں مکمل معلومات فراہم کی جائیں گی کہ اس سہولت تک انکی رسائی کس طرح ممکن ہو سکتی ہے۔

میں / ہم ______________ ساکنہ ______________ بطور ممبر سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ، حامل

______________ عام حصص (تعداد حصص) بحوالہ رجسٹرڈ فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ______________ بذریعہ ہذا بمقام

______________ ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔

دستخط ممبر (ممبران)

## 10۔ غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈ

ممبران کو چاہیئے کہ اگر ماضی میں اعلان کئے گئے کوئی بھی ڈیویڈنڈ انکے حق میں کمپنی پر واجب الادا ہیں تو فوری طور اس کی اطلاع تحریری طور کمپنی کو دیں۔ برائے مہربانی اس سلسلے میں دستخط شدہ مکمل معلومات کمپنی کے حصص رجسٹرار یا کمپنی سیکرٹری کے پاس جمع کروائیں۔

## 11۔ الیکٹرانک ذرائع سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کے تحت حصص داران کو یہ حق حاصل ہے کہ ان کے ڈیویڈنڈ انھیں بذریعہ ڈیویڈنڈ وارنٹ دینے کے بجائے براہ راست ان کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کروادیئے جائیں۔

لہذا مستقبل میں آپ اپنے ڈیویڈنڈ براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں حاصل کرنے کیلئے اپنے بینک اکاؤنٹ سے متعلق مکمل معلومات ہمیں فراہم کیجیے اور اس سلسلے میں باقاعدہ تحریری طور بمعہ قومی شناختی کارڈ نمبر / این ٹی این نمبر اپنے دستخطوں کے ساتھ معلومات کو کمپنی کے حصص رجسٹرار کے پاس اور سی ڈی سی کی صورت میں اپنے شراکت دار / سی ڈی سی سرمایہ کار کے پاس جمع کروادیں۔ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہونے کے علاوہ ہماری ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔

## 12۔ آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات و نوٹس بذریعہ ای میل حاصل کرنے کیلئے اظہار رضامندی

ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن بحوالہ نمبر 787/2014 مؤرخہ 08 ستمبر 2014 اگر کمپنی کے ممبران کمپنی کی آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات اور رپورٹس بذریعہ ای میل حاصل کرنے میں دلچسپی رکھتے ہوں تو انھیں چاہیئے کہ "رضامندی فارم برائے ای میل" کو باقاعدہ پر اور دستخط کرنے کے بعد کمپنی سکیرٹری / حصص رجسٹرار / متعلقہ شراکت دار / سی ڈی سی سرمایہ کار کے پاس جمع کروادیں۔ "رضامندی فارم برائے ای میل" کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔

### 13۔ آڈٹ شدہ مالیاتی کی ہارڈ نقول کرنے حاصل کرنے کیلئے اظہار رضامندی

ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن بحوالہ نمبر (1) 470 مؤرخہ 31 نومبر 2016 اور نوٹیفکیشن نمبر 2014/(1) 787 مؤرخہ 8 ستمبر 2014 کے تحت ایسے ممبران جو کہ کمپنی کی مالیاتی دستاویزات اور رپورٹس سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی یا ای میل کے بجائے ہارڈ نقول کی صورت میں حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں تو انھیں چاہیئے کہ "اسٹینڈرڈ درخواست فارم" برائے حصول ہارڈ نقول بابت کمپنی مالیاتی دستاویزات ونوٹس باقاعدہ طور پر اور دستخط کر کے کمپنی سیکرٹری/متعلقہ شراکت دار/سی ڈی سی سرمایہ کار کے اکاؤنٹ کے ذریعے جمع کروادیں۔ اسٹینڈرڈ درخواست فارم" کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود ہے اور اس فارم اس اعلان کے ساتھ بھی منسلک کردیا گیا ہے۔

### 14۔ کاغذی حصص کو سی ڈی سی اکاؤنٹ میں جمع کروانا:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت تمام موجودہ لسٹڈ کمپنیوں پر لازم ہے کہ اپنے کاغذی صورت میں جاری کردہ اپنے حصص کو کھاتوں میں اندراج کے ذریعے تبدیل کرلیں اور اس سلسلے میں جو بھی مناسب طریقہ ہو اسے اپنایا جاسکتا ہے اور حصص کی یہ منتقلی کمیشن کی جانب سے بذریعہ نوٹیفکیشن دی گئی تاریخ کے بعد اتنے عرصے میں کرلی جائے جو کہ اس ایکٹ کے اجراء سے چار سال سے زائد نہ ہو یعنی 30 مئی 2017 سے اس تاریخ کا آغاز ہوتا ہے۔

لہٰذا ایسے حصص داران جن کے پاس کمپنی کے حصص کاغذی سورت میں موجود ہیں سے گزارش کی جاتی ہے کہ کسی بھی بروکر کے پاس اپنا سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ کھلوالیں یا براہ راست سی ڈی سی میں اپنا سرمایہ کاری اکاؤنٹ کھلوالیں تا کہ ان کے حصص کو اسکرپ لیس فارم میں منتقل کیا جاسکے، ایسا کرنے سے انھیں کئی لحاظ سے سہولیات فراہم ہوجائیں گی جیسا کہ محفوظ تحویل، کسی بھی وقت حصص کی فروخت وغیرہ، کیونکہ موجودہ قوانین کی رو سے کاغذی صورت میں اب حصص کی خرید و فروخت ممنوع ہے۔

************

مزید معلومات یا سوالات کیلئے ممبران یا دیگر افراد کمپنی یا ہمارے حصص رجسٹرار سے درج ذیل پتوں پر رابطہ کرسکتے ہیں:

**کمپنی کا رجسٹرڈ شدہ دفتر:**

دفتر نمبر 204، دوسری منزل، کلفٹن سینٹر، بلاک - 5، کلفٹن کراچی۔ فون نمبر: 02135371441 to 43 (تین لائنیں)،

فیکس: 02135371444، ویب سائٹ: www.sangharsugarmills.com

ای میل: info@sangharsugarmills.com ، www.sangharsugarmills.com

**حصص رجسٹرار برائے کمپنی:**

حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ

کراچی چیمبرز، حسرت موہانی روڈ، کراچی

فون: 02132424826، فیکس: 02132424835